اور تمام آئندہ مخلوق اور گزشتہ خلقت سب پر والی وحاکم ہین اور اون کے آل و
وصحاب پر کہ روش کامیابی سے کامیاب ہین اور اون کے اولیا پر کہ اون کے حکم
سے قابو پاکر عالم مین تصرف کرتے ہین اور اون سب کے صدقے مین اونکی برکت سے
ہمپر اور اسد کی مہر آمین کہنے والے پر بعد حمد وصلاۃ واضح ہو خط آیا اور دل دوستان
نے سرور پایا کہ اوس سے قبول حق صاف پیدا تھا اور ایک اور مسئلے سے پردہ
کشائی کی درخواست کی تھی اور خردمندون کا یہی دستور ہے کہ پیاسے ہون تو دریائے
عظیم کے گھاٹ پر آتے ہین کہ آپ سیراب ہون اور جسے ہلاک ہوتا دیکھین اوسے سیراب
کرین مین نے چاہا اور خود یہی مجھے سزاوار تھا کہ فوراً جواب دون اگرچہ تپ کو میرے بدن سے
قرب تھا اور کمر مین درد کہ مدتون رہا اور اچھا ہوا اللہ چاہے تو گناہونکا کفارہ تھا
اور ابھی اوسکا بقیہ جانے کو باقی ہے اتنے مین مجھے خبر ملی کہ خط آرندہ پلٹ گیا اور غائب
ہوا اور مجھے نہ معلوم ہوا کہ وہ کون تھا اور کہان واپس گیا یہان تک کہ میرے برادر مونس
وسرور قلب حکیم مولوی خلیل اللہ خان کہ اللہ تعالی قیامت تک اون کا نگہبان ہو آتے
تو مین نے اونکی معرفت جواب بھیجا چاہا کہ ایسے خطوط مین مجھے بھی پسند ہے کہ جسکے ساتھ ہی
مرسل ہون اور ہم ہر معاملے مین اپنے رب ہی کی مدد چاہتے ہین ہان جیسا کہ بھیجنے
کیا اور اب کہتا ہون کہ پہلا وہ کلام جس سے سوال ہوا اوسے کسی تخصیص کے محض تقلید
مین تھا مگر برادرم کیا کسی مطلق حکم الہی کی کسی شے سے نفی بتاتا ہے جو آپکے احاطۂ وہمی داخل
ہے تو قطع نظر اس سے کہ آپکے اس سوال تازہ کا شاید کوئی صحیح منشا نظر ہی نہ آئے

وہ کلام اگر بالفرض وشعر ہوگا تو خاص سے نفی فرضیت کا کیسی فرضیت جو یقین
کے لیے پسندیدہ ہے تو یہ وجوب کیطرف کو دجانا کیسا اور نمان یہ ہین آپ سلیم طبیعت والے
خود آپکی خالہ کریمہ کا بھانجا ظاہر کرچکا کہ واجب و فرض مین زمین آسمان کا فرق ہے
بلکہ یہ روشن کرچکا کہ فرض دو قسم ہے علمی وعملی اور یہان گفتگو علمی مین ہے تو اب کیا وجہ ہے
کہ مین اوسے پاتا ہون کہ پہچان کرنا شناسا ہوتا ہے اور خود خبر دیگر بھولا جاتا ہے اور اگر
آپ وسے فرضیت قطعیہ سے تاویل کرین تو خاص نوع مین اسکا کوئی قائل نہین
ہان جب کہ گزشتہ بحث مین آپ پر حق واضح ہوگیا ہے تو تقلید مطلق کی فرضیت کا اعلان
دیجیے کہ آپ جیسے کو حق کا اقرار زیادہ سزاوار ہے پھر اگر آپ چاہین کہ جہان آئے
وہان سے حق کی ساتھ پلیٹے تو اولا اون امور کا جواب دیجیے جو مین نے سوال کیے اور آپنے
جواب نہ دیے کہ اسباب مین آپ کا عمل کیونکر رہا اور آپ اسمین اپنا مرتبہ واقتدار کہانتک
جانتے ہین اور اسکے سوا اور سوالات جو نامہ اول مین مین نے بتفصیل لکھے پھر جب کہ
آپ برادران علم سے ہین اور خود اپنے موںھ سے تسلسل سے اوسکے خادم رہے ہین تو یہ تو
آپ پر گمان نہوگا کہ آپ عمل ہی نہین کرتے یا عمل کرتے ہین تو اسطرح کہ اوسکی راہ کے حکم
سے غفلت و خواب مین ہین اور آپکو خوب معلوم ہے کہ ابنائے زمان اس مسلک مین
ایک حال پر نہین بلکہ کوئی کچھ کہتا ہے کوئی حرام کوئی جائز کوئی واجب کوئی تخییر کی راہ
چلتا ہے کوئی تخیر کی کوئی مطلق کہتا ہے کوئی چار اکابر مین محصور کرتا ہے کوئی تلفیق
مانتا ہے کوئی اوسے فسق بتانے کیطرف جھکتا ہے کوئی کہتا ہے مختلف اعمال مین
جائز ہے نہ ایک مین کوئی عمل کے بعد رخصت دیتا کوئی منع کرتا ہے تو یہ متعدد مواضع
ہین اور لوگون کے لیے ان سب مین مختلف راہین مختلف ماخذ ہین اور جو حق کا طالب

اور جدال سے مجتنب ہو تو ظاہر ہے کہ اون سب کے ساتھ گفتگو ایک روش پر نہین ہو سکتی تو اپنا
ان تمام مواضع مین اپنا مسلک معین کیجیے کہ آپسے اوسی روش پر کلام ہو اسکے بعد اپنے
بھائی کے پاس طلب فائدہ کے لیے آئیے نہ حملہ آور ہٹ دھرم بنکر اور اوس کے
ہاتھ مین نرم ہو جائیے اور جدھر وہ کھینچے کھنچ جائیے جو کچھ پوچھے بتائیے جہان لیچلے قصد
کیجیے اور قریب ہو جائیے تو قسم ہے کہ وہ اپنے رب کی مدد سے آپکو سیدھی راہ لیجائیگا
اور آپکو آہستہ آہستہ چلائیگا یہانتک کہ منزل ہدایت پر کھڑا کر دیگا اور بیشک بارہا
ابتدا مین اوسکے بعض مقصد پہچان مین نہ آئینگے پھر انجام کار اوسکی خوبی مورد کی حمد
ہو گی تو جو طالب حق ہو تو راہ یہ ہے اور اللہ ہمین کافی ہے اور اچھا کام بنانے والا
رہا عالم مین تصرف ولیا سے آپکا سوال اور آپکا اقرار کہ اوسکے معانی سے آپ ہی
ناخوش ہوتے ہین جو آپ کے علم مین ہے اگر سپرد کر دینے سے آپکی وہ مراد ہو کہ جو معاذ اللہ
مالک امر کو معطل کر دینے کی موجب ہو جیسے دنیا کا کوئی بادشاہ کسی کام کی باگین ایک
امیر کو سپرد کر دے تو اوسمین اس امیر کے احکام نافذ رہینگے اور خاص خاص وقائع مین
احکام شاہی کے محتاج ہونگے بلکہ جو واقعہ نیا پیدا ہوا اور پیش آیا بادشاہ کو اوسکی
خبر بھی نہ ہو گی اور اویسے ہی سپاہی و وزیر سے وہ مراد ہو جو بادشاہ کی اعانت
و یاوری کرے اوپر سے بعض بوجھ اور بار اوٹھا لے بعض کاروشغل مین جنکی بادشاہ کو
فکر تھی اوسے مدد دیکر فائدہ پہنچاتے تو یہ بیشک ناخوش و قبیح ہے نہ صرف ناخوش
بلکہ سخت ہولناک کفر ہے اور خدا کی پناہ کہ اوسکا وہم گزرے کسی مسلمان بلکہ کسی کافر کو
بھی جب کہ خدا کو ایک جانتا ہو اس تقدیر پر آپکا ناخوش جاننا ایک ایسے معنی باطل کی طرف
راجع ہے جسے نرے اصل وہم نے گڑھ لیا مسلمانون مین نہ اوسکا وجود نہ نشان اور جو

مسلمانون پر بدگمانی کرے وہ جھوٹا اور بدکار ہے۔ اور اگر آپکی مراد یہ ہو (اور مین آپ کو
خدا کی پناہ دیتا ہون کہ یہ آپکی مراد ہو) کہ ناخوش یہ ہے کہ اللہ عزوجل اپنے گرامی بندونمین
ایک گروہ کو شرف بخشے اونھین عالم مین تصرف کا اذن دے بغیر اسکے کہ اوسکی ملک
مین نبلے اوسکے چاہے کچھ ہو سکے یا اوسکے غیر کے لیے زمین یا آسمان مین کوئی ذرہ بھر
ملک ہو یا یہان کسیقدر معطل ہونے یا بوجھ اوٹھانے یا بار ہلکا کرنے کا وہم گزرے جیسے
اوس پاک نے نیاز نے جبریل و میکائیل و عزرائیل وغیرہم مقربان بارگاہ عزت علیہم الصلاۃ
والسلام والتحیۃ کو بوندون اور بارش اور کھیتی اور روئیدگی اور ہواؤن اور لشکرون
اور زندگی اور موت کی تدبیر اور ماؤن کے پیٹ مین بچون کی تصویر اور خلق کے لیے رزق بہی
آسان اور حاجتین روا کرنے اور ان کے سوا اور حوادث و کائنات کا اذن دیا ہے
اور وہ قطعاً یقیناً اپنے آپسمین مختلف مرتبونمین ہین جیسے اوسکے ربنے جو مرتبہ بخشا ہے
بادشاہ وزیر و سپاہی امیر۔ تو یہ بات بیشک مسلمانکے کہنے کی ہے اور یہ ہے اللہ کا
کلام فیصلہ کرنے والا ارشاد اور عدالت والا حاکم کہ فرماتا ہے قسم اونکی جو کامون کی
تدبیرین کرتے ہین۔ اوسے ہمارے رسولون نے وفات دی۔ تو فرما تمھین ملک الموت
وفات دیتا ہے جو تمپر مقرر فرمایا گیا ہے۔ اور وہی غالب ہے اپنے بندونپر اور بھیجتا ہے
تمپر نگہبان۔ آدمی کیلیے بدلی والے ہین اوسکے آگے اور پیچھے کہ اوسکی حفاظت کرتے
ہین خدا کے حکم سے۔ جب وحی بھیجتا ہے تیرا رب فرشتون کو کہ مین تمھارے ساتھ ہون
تو تم ثابت قدمی بخشو ایمان والون کو۔ بیشک وہ ایک عزت والے زبردست رسول کی
بات ہے کہ مالک عرش کے حضور جسکی عزت ہے وہان اوسکا حکم چلتا ہے امانت والا ہے۔
مین تو یہی تیرے رب کا رسول ہون کہ مین تجھے ستھرا بیٹا عطا کرون۔ بیشک مین تمھین

نائب بنانے والا ہون۔ اے داؤد بیشک ہمنے تجھے زمین مین نائب کیا۔ بیشک ہمنے

اسکے ساتھ پہاڑون کو قابو مین کر دیا پاکی بولتے ہین پچھلے دن اور سورج چمکتے

اور پرندونکو مسخر کر دیا گروہ کے گروہ جمع کیے ہوئے سب ویسیکیطرف رجوع لاتے

ہین۔ تو ہمنے سلیمان کے قابو مین ہوا کو کر دیا کہ سلیمان کے حکم سے نرم نرم چلتی ہے

جہان وہ چاہے اور دیو مسخر کر دیے ہر راج اور غوطہ خور اور کچھ اور بندھنون مین

جکڑے ہوئے یہ ہماری دین ہے تو چاہے دے چاہے روک رکھ بیحساب۔ مین مادرزاد

اندھے اور سپید داغ والیکو اچھا کرتا ہون اور مین مردے جلا دیتا ہون خدا کے

حکم سے لیکن اللہ اپنے رسولون کو قابو دیتا ہے جسپر چاہے۔ اونھین غنی کر دیا

اللہ اور اللہ کے رسول نے اپنے فضل سے۔ ہمین خدا بس ہے اب دیتا ہے ہمین

اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول۔ اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا

اور اونکا جو تم مین کامون کے اختیار والے ہین۔ اور اگر اوسے لاتے رسول کے

حضور اور اپنے ذی اختیار والون کے سامنے تو ضرور اوسکی حقیقت جان لیتے وہ

جو اومین بات کی تہ کو پہنچ جانیوالے ہین تو آپ علمی راہ سے کہیے اسمین آپکو کیا برا

لگتا ہے اور مین نے تو آپکو جب دیکھا تھا عاقل غیر سفیہ ہی پایا تھا اور اللہ ہادی اور

نعمتونکا مالک ہے اور بندہ ضعیف کی اس باب مین ایک کتاب جامع نافع مستطاب ہے

کہ ہدایت چاہنے والے کو راہ حق دکھاتی اور تباہی مین گرنے والے کو ہلاک کرتی

ہے بحکم الٰہی زیر طبع ہے مین نے الامن والعلی لناعتی المصطفی بدافع البلا

اوسکا نام اور الکمال الطامہ علی شرک سوی بالامور العامہ لقب رکھا ہے اوسمین

ساٹھ آیتین اور تین حدیثین پڑیگا کہ طیب کو خبیث سے جدا کرتی ہین اور جو آیتین اوسوقت

ہین نے تلاوت کین عاقلون کو وہی کافی ہین اور اسد ہی کیطرف سے ہدایت
اور حفظ ونگہبانی ہے اور سب تعریفین اسد کو آغاز وانجام ہین اور اسد کی درود ہین
والی اعظم ومولاے اکرم وحاکم اقدم اور اُن کے آل واصحاب پیشوایان اُمت
اور اُن کے اولیا پر کہ اُن کے حکم سے عالم ہین تصرف فرماتے ہین اور اُن کے
صدقے ہین ہمپر اور اسد کی برکت اور سلام آمین ۔

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی
کتبہ
عفی عنہ بمحمدن المصطفے النبی الامی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم

دوم شعبان ۱۳۱۹ھ

مترجم کہتا ہے غفر لہ اس صحیفہ شریفہ کے بعد تین مہینے کامل انتظار رہا عرب صاحب
کیطرف سے کچھ جواب نہ آیا آخر تین مہینے تین دن کے بعد عالیجناب نواب مولوی محمد سلطان احمد خان صاحب
قادری دام مجدہم کے ہاتھ کہ بیچ ذیقعدہ کو رامپور تشریف لیے جاتے تھے تیسرا صحیفہ
شریفہ تبقاضاے جواب سوالات مرسل ہوا ۔

مفاوضہ سوم از حضرت عالم اہلسنت مدظلہ تبقاضاے جواب سوالات دو مفاوضہ سابقہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

وبعد فہذا رابع شہر مذ ارسلت الکتاب ولم تحر الجواب وقد
کان کصاحبہ السابق الماضی علیہ خمسۃ شہور مشتملا علی اسئلۃ
دینیۃ لامعۃ النور فلم تجب عن ہذا ولا عن ذاک مع انک انت
البادی فیما ہنالک وانا امہلک مدۃ ایہا اخر لتجیب مفصلا عن کل

مستطر فان مضی یوم الخمیس تاسع ھذا الشہر النفیس و لم یاتنا منک الجواب
تبین انک غلقت الباب و طویت الصحف و جف القلم بما سیجف و للہ الحمد
فی الاولی و الاخرۃ و الصلوات الزاھرۃ و التحیات الفاخرۃ علی سیدنا و صحبہ
و عترتہ الطاھرۃ آمین

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی
عفی عنہ بمحمدن المصطفی النبی الامی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
لخمس خلون من ذی القعدۃ یوم السبت ۱۳۱۹ھ

ترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

بعد حمد و صلاۃ یہ چوتھا مہینہ ہی کہ مین نے خط بھیجا اور آپنے جواب نہ دیا اور یہ خط بھی پہلے کیطرح جسے پانچ مہینے گزرے ہین روشن تین سوالات دینیہ پر مشتمل تھا آپنے اسکا جواب دیا نہ اونکا حالانکہ یہ سلسلہ خود آپ ہی نے شروع کیا تھا مین آپکو چند دن کی اور مہلت دیتا ہون کہ جتنے سوالات لکھے ہین سبکا مفصل جواب بھیجے اگر روز پنجشنبہ کہ اس نفیس مہینے کی (دسوین[۱]) ہوگی گزر گیا اور آپکی طرف سے سوالات کا جواب نہ آیا تو ظاہر ہوگا کہ آپنے دروازہ بند کر لیا اور دفتر لپیٹ دیے اور قلم خشک ہو جائیگا جس بات پر عنقریب خشک ہونیوالا ہے اور اللہ ہی کے لیے اول و آخر مین حمد ہے اور چمکتی درودین اور گرامی تحیتین ہمارے مولے اور اونکے اصحاب و آل طاہرین پر آمین

ـــــــــــ

[۱] پنجشنبہ کی تین تو ذی الحجہ کی جمعہ شریف کی تاریخ سے ظاہر تھی کہ نہم ذیقعدہ بروز پنجشنبہ ارشاد ہوا تھی لفظ تاسع یعنی نہم تھا اور خود پنجشنبہ مذکورہ ہونا رفع التباس کو بس تھا جبکہ پنجشنبہ تک مطلب آپکی ذو تاسع ہو خواہ عاشر ۱۲ مترجم

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی
عفی عنہ بمحمدن المصطفیٰ النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

پنجم ذی القعدہ روز شنبہ ۱۳۱۹ھ

مترجم عفرلہ کہتا ہے مسلمان ملاحظہ فرمائین کہ اس صحیفہ مبیقہ مین سوا تقاضاے جواب کے کیا تھا عرب صاحب کی نسبت کونسا سخت کلمہ تھا مگر ہوا یہ کہ عرب صاحب جوابون کے عجز سے بھرے بیٹھے تھے وہ سوال اونپر پہاڑ سے زیادہ گران تھے ڈر تھا کہ مبادا جواب طلب ہو تو کیا کہونگا جب پہلے کو پانچ اور دوسرے کو تین مہینے گزر گئے دلمین کچھ مطمئن ہوئے ہونگے کہ شاید قسمت کا لکھا ٹل گیا مگر افسوس کہ ناگاہ ادھر سے تقاضون کا پہاڑ ٹوٹ ہی پڑا اب رنگ بدلگیا اور وہ عجز جس سے بھرے بیٹھے تھے جل بھنکر ابل گیا اس صحیفہ شریفہ کا پہنچنا۔ اور طیب صاحب کا نام کی طیب و پاکیزگی سے اپنی ذاتی اصالت کیطرف پلٹ جانا۔ اگلے مرسلات مین طرفین کے محاورات دیکھیے اور اب اس تحریر ثالث کو ملاحظہ کیجیے

خط سوم عرب صاحب بہ تبدیل رنگ و اظہار خشم بیدرنگ

وصلنی خطک المورخ ۵ ذو القعدۃ فی ۱۱ ذو القعدۃ فکیف اجیبک یوم التاسع. ولکن امتثالا لامرک سیأتیک الجواب الذی نعلم بہ انی ما سکت عن الجواب الا صیانۃ لاغلاطک ان تظہر و لجہلک ان یشہرہ مستعلیا بیلی
ای دین تداینت بہ وای غریم فی التقاضی غریمہا ؛ محمد طیب ۱۱

ترجمہ

مجھے تمہارا خط پانچوین ذو القعدہ کا لکھا گیارھوین ذو القعدہ کو پہنچا تو مین نوین تاریخ کو کیسے تمہین جواب دون مگر آپکا حکم ماننے کو عنقریب آپکے پاس وہ جواب آتا ہے

جس سے تمھین معلوم ہوگا کہ مین جواب سے صرف اسیلیے خاموش رہا تھا کہ تمھاری غلطیونکو ظاہر ہونے اور تمھاری جہالت کو تشہیر سے بچاؤن - اب جاننا چاہئی ہمیلیے کہ کیسے قرض کا اوسنے لین دین کیا اور اوسکا قرضخواہ تقاضا کرنے مین کیسا قرضخواہ ہے محمد طیب ۱۱-

مترجم غفرلہ کہتا ہے تقاضاے جواب پر عجز کی جھنجھلاہٹ نے عرب صاحب کو ایسے غیظ مین ڈالا کہ ذرا سے کارڈ مین متعدد بدحواسیان صادر ہوگیتن مثلاً پہلی بدحواسی کہ ابتدا مین القاب آداب درکنار اللہ عزوجل کا نام بھی چھوٹا پہلے دونون خط مسلمانی طریقہ پر بسم اللہ شریف یا حمد و صلاۃ سے آغاز تھی اسکی ابتدا یہین سے ہے کہ وصلنی خطک تمھارا خط پہنچا دوسری بدحواسی براہ طنز و تمسخر یہ ایک پرانا[1] شعر لکھدینے کا شوق تحریرا

[1] یہ شعر ایک عجیب قصیدہ کا ہے جسکی تفصیل مضامین جناب مولوی عبد الحق صاحب خیرآبادی بیان فرمایا کرتے تھے اگرچہ قصیدہ یہان سے متعلق نہین مگر الشئ بالشئ یذکر بات پر بات یاد آجاتی ہے دوستان علم ادب کے لیے اوسکے بعض اشعار کہ اسوقت یاد آگئے تحریر ہوتے ہین - زبان عرب کا مستند شاعر اپنی ایک کنیز کی شکایت مین کہتا ہے -

عجبت لیلی نجلا اشتریتها	وکانت کما یتم نعیمها
فاصنعت لالا اباق مدینة	وما ابقت الا و دینی ندیمها
ستعلم لیلی ای دین تداینت	وای غریم فی التقاضی غریمها
نمکت بحکم الرق ثم تمتدت	ابا قا وسیما الذنب فی القلب سیمها
تودد ولو درس الخیانة لیتنا	مدرسة للغدر غینا انیتمها
ترفضت للخناه ثم تنشرت	تعدی الی الدواء الذی عی حکیمها
فلیلی وان کان حبیبا عهد	خبیثة نفس نفسها لئیمها

کو ایسے بہکے کہ اپنے ہی آپکو لیلے بنا یا حق بر زبان جاری شود یہ ندیکھا کہ کون مدیون ہے کون قرضدار ہے سوالات کا قرضہ کسپر سوار ہے کس سے تقاضا ہے کس پر چڑھائی ہے۔ غریم نے کسکی جان پر بنائی ہے ع چھائی جاتی ہے یہ دیکھو تو سر ایا کسپر ❊ خیر ع مہربان آپکی خفت مرے سر آنکھو نپر ❊ تیسری بدحواسی خط تقاضا پہنچتے ہی یاران سر پل مین کچھ یان نکین وہابیت کی فوج مقہوریت موج

دُہِیتُ بمسمے کاذب یعبق آسیہ	برائحۃ مافی المسمے نسیمہا
کمہلکۃٍ تدعی بعکس مفازۃ	وکافورۃٍ زنجیۃٍ بان شیمہا
لمیلے ایلے اتے دفار ھجوت	اتتہ المعالی صفوہا وصمیمہا
دعی عنک ہجاء الرجاء وقبلی	لک الحظ الاخیلیۃ .....

ترجمہ مجھے زنجبار کی لیلے سے تعجب آتا ہے۔ مین نے اوسے خرید ا اور مکاتب کیا تھا کہ اوسکی آسائش پوری ہو (یعنے اتنا مال اپنے کسب سے کما دے تو آزاد ہے) اوسنے کچھ نہ کیا سوا اسکے کہ میرا دین لیکر بھاگ گئی اور وہ نہ بھاگی مگر اس حال پر کہ میرا دین اوسکے ساتھ ہے۔ اب جاننا چاہتی ہو لیلی کہ کیسے قرض کا اوسنے لین دین کیا اور اوسکا قرضخواہ تقاضا کرینمین کیسا قرضخواہ ہے۔ کینہ ہی کے باعث نکمیۃ بنی پھر بھاگ کر ہندیہ ہو گئی اور زنگی صورت کی علامتین دل مین موجود ہین خیانت کے درس والے تمنا کرتے ہین کاش ہم اُسے اپنے یہان بیوفائی کی تعلیم دینے پر مدرس مقرر کرین۔ وہ سڑا ہندی پہلے تو افضن بنی پھر نجیہ ہو گئی دوا کی حد سے مرض بڑھ گیا اوسکا حکیم اوسکے علاج سے عاجز آیا تو لیلی اگرچہ نام کی پاکیزہ ہے نفس کی خبیثہ ہے کہ اوسے بغض کا کمینہ پسند کریگا اور بہت جھوٹے نام کے مسمے ہوتے ہین کہ نام ایسی خوشبو سے مہکتا ہے کہ مسمے مین جسکی بو بھی نہین جیسے جاے ہلاک کو برعکس مفازہ یعنی جاے نجات کہتے ہین اور زن زنگیہ کو جسکی سیاہیان ظاہر ہین کافورہ نام رکھتے ہین

عرب صاحب کا [illegible]

ہین (جو حضرت نواب خلدآشیان مرحوم مغفور کے عہد سُنّیت مہد مین کرتے جوتے کے نیچے
دبی تھی سر اُٹھانے بلکہ مذہب بتانے کی جان نہ تھی اب کچھ کچھ کھل کھیلی اور گریز کر کے
پر پرزے نکال چلی ہے) ہل چل مچی پرانے پرانون کے سہارا لگانے سنت کے خلاف
پر ندوہ منانے سے کمیٹی مین یہ راے پاس ہوئی کہ عرب صاحب نے بہت مدتون سے
دشمنی تقلید مین سر کھپایا برسون دودچراغ کھایا کچھ خرافات مزخرفات کا ملغوبا جمع
کر پایا ہے سوالات کے جواب کو تو اُڑان گھائی بتاتے ہے اور وہ پچھلی محنتون کا سارا نتیجہ
بنام جواب آگے لاتے ہے جب بعون اللہ تعالی دندان شکن رد ہوگا ہوگا اسوقت تو
عوام کے آگے ناک رہجائیگی کہ دیکھو ع ہم بھی ہین پانچوین سوارون مین ہ خط تقاضا
چھٹی ذی القعدہ روز یکشنبہ کو پہنچا تھا آٹھوین تک کمیٹی مین یہ رائے جم پائی اور وہ آج
صدیپیچ وتاب تحریر ہوا کہ جواب پیچھے سے دینگے صحیفہ تقاضا مین پنجشنبہ تک کی مہلت
مقرر فرمادی تھی اسکا یہ جواب سوچا کہ خط ہمین ۱۱ ذی القعدہ روز جمعہ کو پہنچا ہم
پنجشنبہ تک جواب کیونکر دیتے یہانتک تو عیاری وچالاکی سے کام لیا گیا اب
عجز کی بدحواسی اپنی جھلک دکھاتی ہے کمیٹی وہابیت نے ایسے کذب صریح کی راے
دی تھی تو لفافہ مین بھیجنا تھا کہ کذب بیلفافہ رہتا عام شخصون پر ثبوت نہو سکتا مگر بدقسمتی
سے کارڈ لکھا جسپر روانگی وصول کی مہرہاے ڈاک نے واضح کر دیا کہ بعنایت الٰہی حضرت کا
یہ فریب نامہ سہ شنبہ ۸ ذی القعدہ کو ڈاکخانہ مہیور سے روانہ ہوکر چہارشنبہ
نوین ذی القعدہ کو خدمت اقدس بندگان حضرت مکتوب الیہ مین باریاب ہولیا یعنے

اے لاے اے بیچاری گندی توفے اوسکی جو کہی جسے صاف وخالص بلندیان ماصل ہ [illegible]
فردکی بدگندی سے درگزر اور آکہ ۱۱ مین پہلے آنچلیکا کا نہین خاص ہر اصہ ہ [illegible] صنم حسیم [illegible]

لکھے جاتے دو دن پہلے ہی پہنچ گیا؛ انا للہ وانا الیہ راجعون عرب صاحب کی ان خوبیون پر بھی حضرت عالم اہلسنت مظلہ العالی نے اوسی حلم سے کام لیا جو ارباب علم کو اہل جہل کے ساتھ شایان ہے بفور ملاحظہ فریب نامہ مذکورہ ڈاک خانہ سے رسید لیکر یہ صحیفہ چہارم امضا ہوا۔

مفاوضۂ چہارم حضرت عالم اہلسنت دام ظلہ بجواب خط سوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلے علی رسولہ الکریم

وبعد فجاء الکتاب فی لم یأت الجواب وکست متفرغا للجهل والسباب وصول قبل وجوہ بیومین عجب عجاب وبعد قد بقی علیک من الیوم الی الغد الوقت الموعود فان مضی لم یأت الجواب علم ان بابک مسدود وصلی اللہ تعالی وسلم وبارک علی صاحب المقام المحمود وآلہ وصحبہ الغر السعود والحمد للہ الغفور الودود

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی
عفی عنہ بمحمدن المصطفی النبی الامی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
لتسع خلون من ذی القعدہ ۱۳۱۹ھ یوم الاربعاء

ترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلے علی رسولہ الکریم

بعد حمد وصلاۃ واضح ہو خط آیا اور جواب نہ آیا اور جہالت کی باتون اور گالی گلوج کی

مجھے فرصت نہین اور اس خط کا عالم ایجاد مین آنیسے دو دن پہلے یہان پہنچ جانا سخت تعجب کا
اچنبھا ہے اور ہنوز آج سے کل تک آپکے لیے روز موعود کا وقت باقی ہے اگر وہ گزر گیا
اور جواب نہ آیا تو معلوم ہوگا کہ آپکا دروازہ بند ہے اور اللہ تعالے کے درود وسلام
و برکات صاحب مقام محمود اور اُن کے آل و اصحاب نور و سعادت والون پر اور سب
خوبیان اللہ کو جو گناہ بخشے اور اپنے بندون سے محبت فرمائے۔

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی
کتبہ
عفی عنہ بمحمدن المصطفے النبی الامی صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم

نہم ذی القعدہ ۱۳۱۹ھ روز چہارشنبہ

مترجم غفرلہ کہتا ہے روز موعود گزرا اور جمعہ گزرا اور جواب نہ آیا تو اس صحیفہ بے نظیر مفاوضہ پنجم شرف
مفاوضہ پنجم حضرت عالم اہلسنت دام ظلہ باعلام تمامی حجت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلے علی رسولہ الکریم

و بعد فقد مضی امس یومک الموعود بل زاد علیہ الیوم الموجود یوم الجمعۃ
المبارکۃ المسعود و لم یات منک شیٔ من المردود فانجلی الحجاب و انتہی الخطاب
و الحمد للہ الکریم الوہاب و لن نقبل منک بعد ہذا الا الانقیاد لما
ارشدناک الیہ من الحق و الرشاد و الحمد للہ العلی الجواد و الصلاۃ
و السلام علی سید الاسیاد محمد و آلہ و صحبہ الامجاد آمین

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

عفی عنہ بمحمدن المصطفی النبی الامی

صلی اللہ تعالی علیہ وسلم

لاحدی عشر مضین من ذی القعدہ سنہ ۱۳۱۹ھ

ترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

بعد حمد وصلاۃ بلاشبہہ کل آپ کا روز موعود گزر گیا بلکہ آج کا دن روز مبارک و ہمایون جمعہ اور زائد ہوا اور آپکی طرف سے کچھ جواب نہ آیا تو پردہ کھل گیا اور مخاطبہ تمام ہوا اور سب خوبیان اللہ کریم بہت عطا فرمانے والے کو اور اب آپ سے کچھ پذیرا ہوگا مگر اوس حق وصواب کے لیے مطیع ہونا جسکی طرف ہمنے آپ کو ہدایت کی اور سب تعریفین اللہ بالا ونے غرض بخشندہ کو اور درود وسلام سب سردارون کے سردار محمد اور اونکی آل و اصحاب معززین پر آمین۔

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

عفی عنہ بمحمدن المصطفی النبی الامی

صلی اللہ تعالی علیہ وسلم

یازدہم ذی القعدہ سنہ ۱۹ھ

مترجم عفی عنہ کہتا ہے الحمد للہ حضرت عالم اہلسنت کے ساتھ عرب صاحب کا مکالمہ ختم ہوا اور عرب صاحب کا جوابون سے عجز روشن ہو گیا اور آنکا عجز روشن ہو گیا

ذلک بان اللہ ھو الحق وان اللہ لا یھدی کید الخائنین والحمد للہ
رب العلمین وقیل بعدا للقوم الظلمین (زیادت افادت) عرب صاحب
کی خوبی تہذیب اور اوسکے جواب مین حضرت عالم اہلسنت کا حلم عجیب ناظرین نے ملاحظہ
فرمایا۔ اب مستفیدان بارگاہ سنت کا ادب اجمل اور کریمہ واعرض عن الجٰھلین پر
کریمانہ عمل بنظر اعتبار مشاہدہ کیجیے کہ مینا مولوی محمد واعظ الدین صاحب اسلام آبادی قادری
برکاتی سلمہ الہادی نے اگرچہ عرب صاحب کے خط سوم مین کلمات جہل واشتلم ملاحظہ فرما کر
آیہ کریمہ واغلظ علیھم پر عمل چاہا مگر اثر تادیب وکمال تہذیب کہ عرب صاحب کو
معذور ہی رکھا اور اونکی نسبت کلام خوبی واکرام ہی لکھا سارا قصور نعرہ مارہ پر طویلے
کی بلا بندر کے سر۔

نامی نامہ مولانا واعظ الدین صاحب بجواب ہمان خط سوم عرب صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الی جناب الفاضل الوسیع المناقب الستیع المناصب آنمولوی طیب صاحب
دامت عنایتھم

اما بعد فاتت الیوم کریمتکم المسطورۃ ونمیقتکم الغیر المستورۃ ضحی
تاسع ذی القعدۃ یوم الاربعاء فوجدناھا علی خلاف ما ھو
اللائق من العلماء وایضا علی خلاف ما عھد منکم فی اختیھا السابقتین
فعلمنا انھا لیست من قبل قلبکم بل رشحۃ من النفس الامارۃ
بالشین اذ لیس فیھا جواب عن سؤال الا کذب وفحش وجھل بضلال

أفسيدنا العلامة عالم اهل السنة مد ظله ودام فضله لما كشف
عن خدعها ووقف على هذه وهجوها لم يجد عليكم لاجلها
بل تبسم ضاحكا من قولها وقال رب اوزعني ان اشكر نعمتك التي انعمت
علي وعلى والدي وان اعمل صالحا ترضه وادخلني برحمتك في
عبادك الصالحين علما منه بان لا معصوم الا من عصمه الله فكيف
يؤخذ بجهل النفس صدق يوقديم ما كان يرضاه ولكنا نحن خدام
العتبة العلية في عجب من عجائب هذه القضية كتاب يكتب الذي القعدة
الحرام ويصل لحضرة المكتوب اليه سبع الشهر من ذلك العام وانا
لموقنون انكم من مثل هذا الكذب بجلى معزولون وانما هو من تعاجيب
نفس امارة ولم تدر السفيهة ان منها على كذبها الدليل والامارة
فان تاريخ ارسال القرطاس في طابع البوسطة مفتوح ١٨ فروري يوم الثلثاء
وتاريخ وصوله في طابع بوسطة بريلي ١٩ فروري يوم الاربعاء وهي تزعم انها
كتبت ٢١ فروري يوم الجمعة الغراء فيا لها من ولادة قبل الحمل ما لها
نظير في خارج ولا عقل ولا يخفى على جنابكم الرفيع ان مثل هذا
الاحتيال الشنيع لا تقضي الا الوقاحة المحتالة ولا تفضي الا الى فضيحة
الفعالة وما هي الا النفس الامارة اما قلبكم فلم يرض بعاره ولا عواره
فتبين انها لو ارسلت الجواب لجاء قبل يوم الخميس كهذا الكتاب ولكنها
عجزت فمكرت وكذبت وهجرت وزعمت انها بهذا سترت فواحشها زعما
ولا والله فجرت فيا مولانا الفاضل الكامل انا اسألك بعار قمت العلم

والفضائل أن تكبح عنانها عن الجهل والفحش والرذائل وقل لها يا هذه
تمضي الشهوة وتنقضي اللذة ولا تردين الجواب أو لو أن السؤال كان ثلاثا
عليك لخرجت من العهدة وحللت للجواب ثم إذا الجوبت فحشت
وهذيت وخدعت ومكرت وإلى الآن عليك باقية من الزمان
إلى انقضاء يوم الخميس اليوم الموعود فإن مضى ولم يصل جوابك
ففحشك وجهلك عليك مردود ولا والله يا أمارة جهلت على عالم
واحتملت إنما احتملت لن نقبل منك إلا الجواب عن كل ما سئلت
ولا تظني أن يلتفت العلماء الفحول إلى ما تشحنين به جوابك من الجهل
والفضول نعم إن طغيت وبغيت والجهل بغيت فلعلك تجدين
من يجهل عليك فوق ما تجهلين فتعضي على يديك وسيعلم الذين
ظلموا أي منقلب ينقلبون ۔ دعي عنك هجاء الرجال وأقبلي
الخ والسلام على من اتبع الهدى وصلى الله تعالى وسلم وبارك على المولى
المصطفى وآله وصحبه دائما أبدا — كتبه الفقير واعظ الدين
القادري الاسلام آبادي غفر له المولى الهادي لتسع خلون من ذي القعدة سنه

ترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بجناب فراخ مناقب بلند مناصب مولوی طیب صاحب دامت عنایتہم

بعد حمد وصلاۃ واضح ہو آج نہم ذی القعدہ روز چہارشنبہ وقت چاشت آپ کی گرامی

کتابت اور نئے پردہ تحریر آئی تو ہمنے اوس رنگ کے خلاف پائی جسکی علماء سے توقع
تھی نیز اوس طرز کے مخالف آئی جو اُسکی دو اگلی بہنون مین آپکی طرف سے معروف
رہی تو ہمنے جانا کہ وہ آپکے قلب کی طرف سے نہین بلکہ نفس امارہ کے چھینٹون سے ہی
جو بکثرت عیب کیطرف داعی ہے اسلیے کہ اُس تحریر مین جھوٹ اور زبان درازی اور
بہکی ہوئی جہالتون کے سوا کسی سوال کا کوئی جواب نہ تھا تو ہمارے سردار علامہ عالم اہلسنت
مدظلہ ودام فضلہ نے جب کہ اُسکا پردہ کھولا اور اُوسکی بیہودہ سرائی و پریشان گوئی پر وقوف
پایا اسکے سبب آپ پر کچھ غضب نہ فرمایا بلکہ اوسکی بات سے ہنستے ہوئے مسکرائے اور

دعا کی کہ اے میرے رب میرے دلمین ڈال کہ مین تیری اون نعمتون کا شکر ادا کرون

جو کہ تو نے مجھپر اور میرے باپ دادا پر فرمائین اور مین وہ بھلا کام کرون جو تجھے پسند

آئے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندون مین داخل فرمالے وجہ یہ کہ حضرت والا کو
معلوم ہے کہ معصوم تو وہی ہے جسے اللہ عزوجل نے عصمت عطا فرمائی تو نفس امارہ کی
جہالت کے باعث ایک پرانے دوست پر جو ایسی باتون کو خود ناپسند رکھتا تھا کیا مواخذہ
ہو مگر خادمان آستانہ والا اس معاملہ مین سخت عجب مین ہین خط لکھا تو جاتے ذی القعدہ
الحرام کی گیارھوین کو اور حضرت مکتوب الیہ کے پاس پہنچے اُسی سال دسی ذی القعدہ کی نو
کو۔ ہمین یقین ہے کہ آپ ایسے سفید جھوٹ سے برکنار ہین یہ تو اُسی نفس امارہ کی انوکھیان ہین اور
احمق یعنی نفس امارہ کی شرارت یہ نہ سمجھی کہ اُسکے جھوٹ پر خود اوسیکیطرف سے دلیل فراہم ہوتی ہے
کہ مہر ڈاکخانہ رامپور مین روانگی کارڈ کی تاریخ ۱۸ فروری روز سہ شنبہ ہے اور مہر ڈاکخانہ
مین پہنچنے کی تاریخ ۱۹ فروری روز چارشنبہ اور وہ شہرہ یہ بکتی ہے کہ وہ نسخہ روز
روز دوشن جمعہ کو لکھا تو یہ پیش از حمل ولادت تو نہایت ہی عجیب ہے جسکی نظیر نہ خارج مین ہے

۷ یہ پردہ ... سے ایک تو کاتب ... یعنی دوسرے ... بہتر ... ہوتی ۱۲
۸ مترجم ... نفس ... عربی ... مین تو ... بیان مطابقت ... نتیجے کے لیے ... شرارت نفس ... سے مکتوب ... بہتر ... ہوتی ۱۲ مترجم

نہ ذہن مین آور آپکی جناب بلند پر پوشیدہ نہین کہ ایسے برے حیلے کا حکم نہین ہوتا مگر اوس حیلے
کرنیوالی کی بیحیائی اور نتیجہ نہین ہوتا مگر اُس سخت بد افعال کی رسوائی اور وہ حیلہ گر بد کار کون
ہے یہی نفس امارہ کی شرارت آپکا قلب تو اوس کذب و مکر کے عار و عیب پر راضی نہین تو ظاہر
ہو کہ وہ شریرہ اگر جواب بھیجتی تو اس کارڈ کیطرح جمعرات سے پہلے آجاتا مگر وہ تو عاجز آئی لہذا
فریب کیا اور جھوٹ بولی اور بیہودہ بکا اور سمجھی کہ اس تدبیر سے اُسکے جہل کی بیحیائیان چھپ گیئن
حالانکہ خدا قسم ظاہر ہو گیئن تو اے مولانا فاضل کامل آپکو جو علم و فضائل ملے مین اونھین ذریعہ بنا کر
آپسے درخواست کرتا ہون کہ جہل اور فحش اور کمینہ باتون سے اُس شریرہ کی باگ روکیے اور
فرمایئے کہ اے فلانی مہینے گزرین زمانے پلٹین اور تو جواب نہ دے۔ اگر بالفرض وہ سوال تجھپر
طلاق بھی ہوتے تو تو ضرور اتنی مدت مین عدت سے نکلکر پیام دینے والون کیلیے حلال ہو گئی ہوتی پھر جب
تجھسے جوابون کا مطالبہ ہو تو تو فحش بیہودہ بکے اور مکر و فریب کرے اور ابھی روز موعود پنجشنبہ گزرنے تک
کچھ زمانہ باقی ہے بس اگر وہ گزر گیا اور تیرا جواب نہ پہنچا تو تیرا فحش و جہل تیرے ہی موبنہ پر مارا جائیگا
اور قسم بخدا اے وہ امارہ جو ایک عالم سے جہل کے ساتھ پیش آئی اور حاملہ ہوئی جس گناہ کی حاملہ
ہوئی زنہار تجھسے پذیرا نہ ہوگا مگر اُن تمام سوالات کا جواب دینا جو تجھسے کیے گئے ہین اور یہ گمان
نہ کرنا کہ علمائے فحول اُس جہل و فضول کیطرف التفات کرین جس سے تو اپنی بوری بھر رہی ہے
ہان اگر تو سرکشی اور زیادتی کرے اور جہل ہی چاہے تو کیا عجب کہ تجھے ایسا کوئی ملجائے جو تیری
جہل سے ب[illegible]ٹے تجھپر جہل کرے پھر تو اپنے ہاتھ چباتی رہجائے اور اب جانا چاہتے ہین ظالم کہ
[illegible] پلٹا کھاتے ہین مردون کی ہجو گوئی سے درگزر اور آ۔ الی آخرہ اور سلام اونپر
جو ہدایت [illegible] ہوئے اور اللہ تعالے کے درود و سلام و برکات مولی مصطفی اور اونکی
آل و اصحاب پر ہمیشہ ہمیشہ۔ رقم فقیر وصی الدین قادری اسلام آبادی غفر لہ الکمو الہادی نہم ذی القعدہ سنہ ۱۳۱۶ھ

خاتمہ

وہ سوالات کہ عرب صاحب سے کیے گئے اور اُنھوں نے جواب دیے اور اُنھون نے بار بار مطلع کر دیا ہی کہ نے انکے جواب کے آپ کی خارجی باتین مسموع نہونگی

س ۱ کچھ احکام شرع ایسے ہین یا نہین کہ ابتدائً اونکا علم بے نص صریح یا اجتہاد مجتہد کے نہیگا س ۲ کیا تمام آدمی جمیع احکام کے علم معانی نصوص کو محیط۔ اجتہاد پہ قادر ہین س ۳ کیا جاہلان عاری از علم بیمار ہین او نپر شریعت کے احکام نہین س ۴ انکے لیے احکام الٰہی جاننے کی کیا سبیل ہے۔ اس سبیل کا اختیار انپر فرض و اجب جائز کیسا ہی س ۵ آپنے اتنی عمر تک اللہ تعالیٰ کو کیونکر پوجا اور بندون سے کسطرح معاملہ کیا اجتہاد سے یا تقلید سے آپ شروط اجتہاد سے بہرہ مند ہین یا خالی س ۶ آپکو علوم شرعیہ کے تمام اصول و فروع مین اجتہاد پہنچتا ہے یا بعض مین بر تقدیر اخیر جسمین آپ مجتہد ہین اوسکی تعیین کیجیے اور جسمین نہین اوسمین اپنی راہ بتائیے بر تقدیر اول فقہی مسائل اجتہادی کی دس گڑھی ہوئی صورتین لائیے جنکا حکم خاص آپنے استنباط کیا ہو جسکی بنا کے ظاہر و باطن و جرح و تعدیل و تفریع و تاصیل مین آپ دوسرے کی سند نہ پکڑین س ۷ تقلید شخصی آپکے نزدیک کفر ہے یا حرام یا مباح یا واجب س ۸ ائمہ کے اقوال مین ہر مکلف نا مجتہد کو تخییر ہے یا حکم تخییر اور اسکی کیا سبیل س ۹ یہ تخییر یا تخیر مطلق ہی یا چار اکابر مین محصور س ۱۰ تلفیق فسق ہی یا جائز س ۱۱ مختلف اعمال ہین یا ایک مین بھی س ۱۲ قبل عمل یا بعد بھی عرب صاحب کو اب ہم طالبان حق اپنی طرف سے از سر نو دو ہفتے کی مہلت دیتے ہین ختم سال تک ان سب مسائل کا مفصل جواب دین جس میں اجمال رہیگا یا آپکے بیان پر ایضاح حق کے لیے دوسرا سوال پیدا ہوگا پھر عرب صاحب کو ایسا ہی کیا جائیگا یہانتک کہ بتوفیقہ تعالیٰ حق واضح ہو و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین و صلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد و آلہ و صحبہ

اجمعین آمین۔ عبید الکریم قادری غفرلہ ۱۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۰۹

تنبیہ: جواب مفصل چاہیے موقع ضرورت و عدم ضرورت و غیرہ تقیید و تخصیصات جو کنون خاطر ہو مصرح ہونا چاہیے مطلق اطلاق و عموم ... بعید دوامر ... تخصیص ... تقیید و تاویل ... موقع ...

تنبیہ: [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلے علی رسولہ الکریم

عرب صاحب کی عربی دانی

عرب صاحب کی تحریرات ثلثہ کا مجموعہ صرف انتیس ۲۹ سطرین ہین انھین مین ملاحظہ ہو کہ عربیت وفصاحت کی کیا
بہتی نہرین ہین مثلاً بطور نمونہ معروض (۱) صہ آن ای قسم من اقسام التقلید فرضا قطعیا۔ اَنَّ کی خبر منصوب
(۲) صہ جمادی الثانی۔ جمادی مؤنث کی صفت مذکر (۳) حضرت نے جمادے کا کوئی تیسرا بھی دیکھا ہوگا کہ عرب ثانی
نے ثالث نہین بولتے (۴) مہینے کا علم جمادی الآخرہ ہے اعلام مین تصرف کیسا اگر زبر زیر اور آنکھ پر بھلی ہو
فافہم (۵) صہ بخدمت حضرۃ العالم تبارے کشیدہ (یہ متعلق املا ہے خط کی خطا ہے بحث فصاحت سے جدا ہے
مگر علم کا پتا ہے (۶) صہ جناب مولوی الف بضم ہو تو ہو الام تو ٹیڑھی کھیر تھا (۷) صہ قادری موصوف معرفہ صفت نکرہ
(۸) صہ القول بان لاولیاء اللہ رضی اللہ عنہم تصرف۔ اَنَّ کا اسم مرفوع۔ مگر ہان ادعائے محدثی ہے۔
(۹) صہ ۵ ذو القعدہ (۱۰) صہ ۱۱ ذو القعدہ مضاف الیہ مرفوع۔ مگر یہ کہیے کہ قلم ہی مرفوع۔ انکے سوا اور
بھی بعض مواقع محل کلام اور خود عشرۂ کاملہ بھی کیا کم ہین جو آدمی ۲۹ سطرین لکھے اور ۱۰ غلطیان کرے وہ ضرور
فصیح ادیب ہو خصوصاً جہان عربی الاصل ہونیکا ادعا۔ بات یہ ہے کہ عرب صاحب کو عرب شریف مین رہنے کا اتفاق
بہت کم ہوا عمر کا زیادہ حصہ ہندوستان مین گزرا۔ بہتر ہو کہ آئندہ عربی کو کم تکلیف دین۔ اپنی ٹوٹی پھوٹی اردو ہی
خرچ کرین۔ تاویلات کا دروازہ کشادہ ہے لا نعدم خرقاء حیلۃ مگر سعت کلام مین مجروح و مطروح و
شاذ نا ممدوح کا دامن پکڑنا تسلیم اعتراض ہے گو پردے کے اندر۔ (لطیفہ) عرب صاحب کا رسول اللہ
صلے اللہ تعالی علیہ وسلم پر افترا آپنے اپنی ادب دانی کھولنے کو چند اوراق کی ابجی لکھی ہے
جسمین اطفال مکتب کچھ لے دیکر کچھ ادھر ادھر سے سیکھ سکھا کر دادا دبے ی ہے اسمین ان مکسورہ سے شاذ
اور نصب جز حدیث ان قعر جھنم سبعین خریفا تحریر کی اور نے دھڑک رسول اللہ
[illegible] تعالی علیہ وسلم کی طرف نسبت کردی کہ قولہ صلے اللہ تعالی علیہ وعلے آلہ وصحبہ وسلم تسلیما
کثیرا ان قعر جھنم سبعین خریفا مجتہد صاحب نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر پہلا افترا تو دول کتاب رسانی
محال اور اجتہاد کا ادعا جناب مین یہ قول ابوہریرۃ فارسی رضی اللہ تعالی عنہ اور اسکی نسبت باقی کلام کی ان سطور
مین وسعت نہین آپکے ہوس ہوئی تو پھر معروض ہوگا انشاء اللہ تعالے و باللہ التوفیق

لاحول ولا قوة الا باللہ

یہ مجتہد صاحب تو نیچری کانفرنس کے رکن رکین نکلے

جب سے پہلے خط کا جواب گیا رامپور سے عرب صاحب کی بدمذہبی کی نسبت متعدد خبرین آیا کین جنکے سبب اگرچہ حکم بالجزم مین احتیاط رہی مگر کیف وقد قیل طرز کتابت مین تبدیل ہوئی نامہ دوم سے القاب وسلام تحریر نہ فرمائے گئے کہ مبتدع کو سلام اور اوسکا اعزاز و اعظام شرعاً حرام۔ فقیر کا یہ رسالہ ۱۵ ذی الحجہ کو تمام وکمال چھپ چکا کہ خبر و ثوق تام کے ساتھ آئی کہ عرب صاحب نے نیچریون کی ممبری پائی اب ذکی رو داد تلاش کی گئی یہان نجلی نیچریون سے دلوا سکا کی اونھون نے بمشکل بعض صاحبون کے یہان سے ضمیمہ کانفرنس رامپور سنہ ۱۹۰۰ء ملا دیکھا تو صفحہ ۲۰ پر ط کی ردیف مین سب سے اونچے عرب جی جلوہ گر ہین حرص کے نمبر ۲۹۸ دیکر لکھا ہے مولوی محمد طیب صاحب عرف مدرس اعلے مدرسہ عالیہ رامپور پانچ روپے لاحول ولا قوة الا باللہ اب غیر مقلدی کی شکایت کیا ہے وہان چوکھا رنگ نیچریت کا چڑھا ہے! افسوس عرب کا نام بھی بدنام کیا۔ ممبری کی اونچ اونچ بھی تو اسلامی نام کے بہت جلسے تھے مگر یہ فخر کہان سے ملتا کہ جہان مولوی طیب صاحب پانچ روپے پر ہین وہین طاق النعل بالنعل لالہ بھگوتی پرشاد نمبر ۲۹۱ بابو پربھو دیال نمبر ۳۴ لالہ بنارسی داس بھی برابر و ہمسر ہین بلکہ لالہ برج کشور نمبر ۲۴ منشی بلاقیداس نمبر ۲۷ منشی پیارے لال نمبر ۲۸ وغیرہ وغیرہ آپ سے کمتر ہین کہ عرب صاحب پانچ کے ممبر وہ دو دو روپے کے ممبر ہین اگر بابو پرمانند نمبر ۱۳۰ بابو بھولا ناتھ نمبر ۱۲۶ لالہ برج بھوکن لال نمبر ۱۲۸ طیب صاحب کو اوپر ہین کہ یہ پانچ ہی کے ہوتے وہ دس اور پچیس پچیس روپے کے اعلی ممبر ہین لہٰذا جب آپ صاحب نے فرمایا انھین ختم سالانہ تک مہلت بھی کہ تلاش روداد بھی مین ختم ہوئی ۱۵ محرم ۱۳۲۰ تک مہلت ہی نہیں ٹھہری تو اس بحث کی کیا حاجت رہی حسبنا اللہ ونعم الوکیل وصلے اللہ تعالی علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین آمین

سلخ ذی الحجہ ۱۳۱۹ھ روز چہار شنبہ کو چھپا